04270

(۴)

محترم مفتی صاحب!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

(۱) مؤدبانہ عرض ہے کہ ایک صاحب اس سال حج پر تشریف لے گئے۔ انھوں نے وہاں جب عمرہ ادا کیا تو لاعلمی میں غلطی سے انھوں نے سعی کے دوران چمڑے کے موزے پہن لئے جو ٹخنوں کو بھی ڈھانکے ہوئے تھے۔ تو کیا اس طرح موزے پہن لینے سے کوئی جزا دم وغیرہ واجب ہوتی ہے یا نہیں؟ جبکہ موزے پہننے کا زمانہ ایک دو گھنٹے تھا۔

(۲) اسی طرح انہی صاحب نے بعد میں تین عمرے ادا کئے اور تینوں عمروں میں لاعلمی میں انھوں نے طواف اور سعی دونوں میں موزے پہنے رکھے، اسی طرح انھوں نے تینوں عمرے مکمل کئے۔ ان تینوں عمروں میں تین سے چار گھنٹے ہی احرام کی حالت میں رہے۔ بعد میں جب اس کے بارے میں معلومات کیں تو مفتیان کرام کی طرف سے دو آراء سامنے آئیں۔ ایک رائے تو یہ سامنے آئی کہ ان پر ہر مرتبہ کی غلطی یعنی جنایت پر صدقہ فطر کے برابر صدقہ لازم ہے۔ جبکہ دوسری رائے یہ سامنے آئی کہ تینوں عمرے جو انھوں نے موزے پہن کر مکمل ادا کئے ان تینوں عمروں کی جنایت میں ان پر تین دم لازم ہوں گے، اگرچہ انھوں نے موزے ایک دن یا ایک رات سے کم وقت کے لئے کیوں نہ پہنے ہوں۔ ان دونوں آراء میں فرق آنے کی وجہ سے آپ حضرات کو تکلیف دی ہے اور اب وہ صاحب پاکستان واپس آ گئے ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ حتمی رائے معلوم ہو جائے تو اس کے مطابق وہ عمل کر لیں۔

(۳) مذکورہ بالا صورتوں میں اگر یہ موزے کسی واضح عذر کی وجہ سے نہیں پہنے گئے ہوں بلکہ مثلاً الرجی کے محض خوف کی وجہ سے یا اس خوف سے کہ پاؤں کے نیچے چھالے نہ پڑ جائیں جبکہ کوئی یقینی صورتحال بھی نہ ہو اس صورت میں اور دوسری صورت جبکہ واقعۃً کوئی واضح عذر ہو مثلاً پاؤں میں زخم یا چھالے ہوں اور موزے نہ پہننے کی صورت میں مرض بڑھ جانے کا قوی اندیشہ ہو تو کیا دونوں صورتوں میں حکم میں کوئی فرق پڑے گا یا ایک ہی حکم ہوگا؟

(۴) کیا مرد کے لئے احرام کی حالت میں چمڑے کے موزے اور کپڑے یا اون کے موزوں کے پہننے میں شرعی اعتبار سے حکم میں کوئی فرق ہوگا یا نہیں؟

سائل

محمد عمر

(جواب منسلک ہے)

دار الافتاء
فتویٰ نمبر 2/1851

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداً ومصلیاً

﴿۱﴾۔۔۔مذکورہ صورت میں صدقۂ فطر (پونے دو کلو گندم یا اسکی قیمت) کے برابر صدقہ کرنا لازم ہے۔

لما فی المناسک لملا علی القاری رحمہ اللہ (۳۰۱) ط إدارة القرآن

(وفی اقل من یوم) ای مقدار نهار ، ولو ینقص ساعة (أو لیلة صدقة) وهی نصف صاع من بر---- (وفی اقل من ساعة) أی عرفیة لا لغویة، لأنها اقل ما یطلق علیه الزمان (قبضة)----(من بر)۔

وفی رد المحتار (۵۴۷/۲) ط ایچ ایم سعید

(قوله وفي الأقل صدقة) أي نصف صاع من بر، وشمل الأقل الساعة الواحدة أي الفلكية وما دونها خلافا لما في خزانة الأكمل أنه في ساعة نصف صاع وفي أقل من ساعة قبضة من بر. اهـ. بحر، ومشي في اللباب على ما في الخزانة، وأقره شارحه، واعترض بمخالفته لما ذكره الفقهاء.

﴿۲﴾۔۔۔صورتِ مسئولہ کے جواب سے پہلے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بطورِ تمہید اصل مسئلہ کی وضاحت کردی جائے۔

حالتِ احرام میں ایک دن یا ایک رات سے کم لیکن ایک پورے نسک (حج یا عمرہ) میں سلا ہوا کپڑا پہننے، اسی طرح سر یا چہرہ ڈھانکنے میں دم لازم ہوگا یا صدقہ؟ اصول کا تقاضہ یہ ہے کہ صدقہ لازم ہو، ملاحظہ ہو:

غنیة الناسک ص (۲۵۱) ط إدارة القرآن

تنبیه: ومقتضاه أنه لو أحرم بنسک وهو لابس المخیط ، وأکمله فی أقل من یوم وحل منه أن تلزمه صدقة الا أن یوجد نص صریح بخلافه -

فإن قلت :التجرد من المخیط فی النسک واجب مطلقاً ، سواء طال زمن إحرامه أم قصر ، والتقدیر بالیل والنهار إنما هو فیما إذا طال زمن إحرامه ،أما إذا قصر فقد حصل له فی نسکه ارتفاق کامل ، فیکون تارکا لواجب من واجبات إحرامه ،فینبغی أن یجب الدم -قلت لا شک فی نفاسته، ولکن یحتاج إلی نقل صریح (أی لوجوب الدم)م،وتمامه فی"المنحة"۔

الفتاوی الشامیة (۵۶۷/۲) ط ایچ ایم سعید

ذکر بعض شراح المناسک: لو أحرم بنسك وهو لابس المخیط وأکمله في أقل من یوم وحل منه لمار فیه نصا صریحا، ومقتضى قولهم أن الارتفاق الکامل

﴿جاری ہے۔۔۔﴾

Scanned by CamScanner

الموجب للدم لا يحصل إلا بلبس يوم كامل أن تلزمه صدقة. ويحتمل أن يقال إن التقدير باليوم باعتبار كمال الارتفاق إنما هو فيما إذا طال زمن الإحرام، أما إذا قصر كما في مسألتنا فقد حصل كمال الارتفاق فينبغي وجوب الدم، ولكن مع هذا لا بد من نقل صريح (أى لوجوب الدم)م

منحة الخالق (٣/٧) ط دار الكتاب الإسلامى

(قوله: لما علم أن العقوبة بكمال الجناية إلخ) مقتضاه أنه لو أحرم بنسك، وهو لابس المخيط، وأدى ذلك النسك بتمامه في أقل من يوم وحل منه أن تلزمه صدقة إلا أن يوجد نص صريح بخلافه فإن قلت التجرد عن المخيط في النسك واجب مطلقا سواء طال زمن إحرامه أم قصر والتقدير باليوم والليلة إنما هو فيما إذا طال زمن الإحرام أما إذا قصر فقد حصل له في نسكه ارتفاق كامل فيكون تاركا لواجب من واجبات إحرامه فينبغي أن يجب الدم قلت لا شك في نفاسته، ولكن يحتاج إلى نقل صريح. اه-. ملخصا. من حاشية المدني عن شرح المنسك للشيخ عبد الله العفيف، وفيها عن فتاوى تلميذه الفاضل عبد الله أفندي عتاقي أنه مال إلى وجوب الدم.

ارشاد السارى للعلامة الحسين بن محمد سعيد الغنى المكى (ص٣٠١) ط إدارة القرآن

(قوله:وفى أقل من يوم أو ليلة صدقة)،قال العلامة العفيف فى شرح منسكه:بقى أن يقال :لو أن شخصاً أحرم بنسك وهو لابس المخيط ،وأدى ذلك النسك بتمامه فى أقل من يوم ،وحل منه ماذا يلزمه بجناية اللبس فى ذلك النسك،لم أر فى المسألة نصاً صريحاً و مقتضى ما قالوه من أن الإرتفاق الكامل لايحصل إلا بلبس يوم كامل ،أو ليلة كاملة أن تلزمه صدقة ،اللهم إلا أن يوجد نص صريح بخلاف ذلك ،فليكن المعول، والله أعلم-

فإن قلت :التجرد عن لبس المخيط فى النسك مطلقاً واجب،سواء طال زمن إحرامه أم قصر ،وتقدير اللبس باليوم والليلة ،لا باعتبار كمال الإرتفاق ،إنما هو اذا طال زمن إحرامه ،أما اذا قصر ، وذلك بأن أدى نسكه فى أقل من يوم أو ليلة ،وحل منه ،فالذى يظهر أنه حصل له فى نسكه هذا ارتفاق كامل ،وحينئذ يكون تاركاً لواجب من واجبات إحرامه ،فينبغى أن يجب عليه موجبه ،وهو الدم؟

قلت:هذا كلام لا شك فى قياسه،ولكن مع ذلك يحتاج إلى نقلٍ صريح فى ذلك ،والله أعلم بما هنالك اهـــــ كلام العفيف-

دار الإفتاء

Scanned by CamScanner

ورأيت فى فتاوى تلميذه الفاضل عبد الله آفندى عتاقى سؤالاً فى ذالک، تردّد فى جوابه بين وجوب الصدقة أو الدم ،كما وقع لشيخه، لكنه مال فى آخر كلامه إلى الدم، والله أعلم اهـ حباب-

قال العلامة طاهر سنبل بعد ما نقل عبارة العفيف المذكور ما نصه :قلتُ وهو كلام حسن ،إلا أن آخره يوهم أن كل واجب يجب بتركه دم ،وقد ذكرنا فيما مر أن ما وجب الجزاء فيه فهو واجب ،سواء كان الواجب فيه دما أو صدقة ،نصف صاع من بر او اقل من ذلک ،وما ذكره يتصور فيمن أحرم بعمرة من نحو التنعيم، ميل الخاطر هنا إلى وجوب الدم عليه لحصول الإرتفاق الكامل لهفى جميع نسكه، كما ذكرناه ،وتعليل "المبسوط"الذى أسلفناه قد يشير اليه حيث ذكر أن تكامل الجناية يكون بالاستمتاع بالمقصود ، ولا ريب أن اللبس فى جميع أزمان الاحرام استمتاع مقصود عادة، وارتفاق كامل-اهـ اقول : ويتصور ذالک فى الحج ،كمن وقف بعرفة ليلاً محرماً لابساً، بل يتصور أن ينتهي نسک الحج فى نحو ساعتين الآن مع وجود السيارات-

البحر الرائق (٦/٣) ط دار الكتاب الإسلامى

(قوله: أو لبس مخيطا أو غطى رأسه يوما، وإلا تصدق) معطوف على طيب بيان للثاني والثالث من النوع الأول وجمع بينهما؛ لأن الحكم فيهما واحد من حيث التقدير بالزمان فإن قوله يوما راجع إلى اللبس والتغطية، وكذا قوله: وإلا تصدق أي، وإن كان لبس المخيط وتغطية الرأس أقل من يوم لزمه صدقة لما علم أن كمال العقوبة بكمال الجناية، وهو بكمال الارتفاق، وهو بالدوام؛ لأن المقصود من كل منهما دفع الحر والبرد، واليوم يشتمل عليهما فوجب الدم والجناية قاصرة فيما دونه فوجبت الصدقة.

تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق (٤/ ٤٨٤) ط المطبعة الكبرى الأميرية – بولاق

قال الأتقاني رحمه الله : ثم اعلم أن التقدير في التغطية على وجهين تقدير بالزمان ، وهو اليوم ، وقد مضى بيانه وتقدير بالعضو.

المبسوط للسرخسي (٤/ ١٢٥) ط دار المعرفة – بيروت

وهكذا روي عن أبي يوسف – رحمه الله تعالى – وعلى قول الشافعي – رحمه الله تعالى – إذا لبس المخيط لزمته الكفارة وإن كان في ساعة واحدة؛ لأن لبس المخيط محظور الإحرام فيصير هو مرتكبا محظور الإحرام فيلزمه الدم، وإن فعله في ساعة واحدة كالتطيب، ولكنا نقول.إنما تتم جنايته بلبس مقصود،

﴿جاری ہے۔۔۔﴾

Scanned by CamScanner

واللبس المقصود في الناس عادة يكون في يوم كامل فإن من أصبح يلبس الثياب ثم لا ينزعها إلى الليل فإذا لبس في هذه المدة تكاملت الجناية باستمتاع مقصود وفيما دون ذلك لم تتكامل جنايته باستمتاع مقصود فتكفيه صدقة إلا أن أبا حنيفة - رحمه الله تعالى - كان يقول أولا قد يرجع المرء إلى بيته قبل الليل فينزع ثيابه التي لبسها للناس فكان اللبس في أكثر اليوم استمتاعا مقصودا عادة، والأكثر ينزل منزلة الكمال.

الهداية (١٥٧/١) ط دار احياء التراث العربي - بيروت - لبنان

وإن لبس ثوبا مخيطا أو غطى رأسه يوما كاملا فعليه دم وإن كان أقل من ذلك فعليه صدقة " وعن أبي يوسف رحمه الله انه إذا لبس أكثر من نصف يوم فعليه دم وهو قول أبي حنيفة رحمه الله أولا وقال الشافعي رحمه الله يجب الدم بنفس اللبس لأن الارتفاق يتكامل بالاشتمال على بدنه ولنا أن معنى الترفق مقصود من اللبس فلا بد من اعتبار المدة ليحصل على الكمال ويجب الدم فقدر باليوم لأنه يلبس فيه ثم ينزع عادة وتتقاصر فيما دونه الجناية فتجب الصدقة غير أن أبا يوسف رحمه الله أقام الأكثر مقام الكل "

العناية شرح الهداية (٢٨/٣) ط دار الفكر

وقوله : (وإن لبس ثوبا مخيطا أو غطى رأسه يوما كاملا فعليه دم) حكم الليلة أيضا كذلك .

وقوله : (ولنا أن معنى الترفق مقصود من اللبس) لأنه أعد لذلك ، قال الله تعالى { سرابيل تقيكم الحر } وهذا المعنى قد يمتد فيكون الارتفاق كاملا ، وقد يقصر فيصير ناقصا ، فلا بد من حد فاصل بين الكامل والقاصر ليتعين الجزاء بحسب ذلك فقدر باليوم أو الليلة ؛ (لأنه يلبس فيه ثم ينزع عادة) فإن من لبس ثوبا يليق بالنهار ينزعه بالليل ، ومن لبس ثوبا يليق بالليل ينزعه بالنهار ، فإذا نزع دل على تمام الارتفاق فيجب فيه الدم ، وما دون ذلك تتقاصر الجناية فيه لنقصان الارتفاق فتجب الصدقة ، (غير أن أبا يوسف أقام الأكثر مقام الكل) ؛ لأن المرء قديرجع إلى بيته قبل الليل فينزع ثيابه التي لبسها للناس ، فكان اللبس في أكثر اليوم ارتفاقا مقصودا ، ولكن هذا غير مضبوط فإن أحوال رجوع الناس إلى بيوتهم قبل الليل مختلفة ، بعضهم يرجع في وقت الضحى ، وبعضهم قبله ، وبعضهم بعده ، فكان الظاهر هو الأول.

ان عبارات میں ایک دن یا ایک رات سے کم پہننے کی صورت میں صدقہ لازم قرار دینے کی وجہ یہ ذکر کی گئی ہے کہ دم ایسی جنایت پر لازم ہوتا ہے جو کامل ہو، اور جنایتِ لبس اسوقت کامل ہوتی ہے جب لبس

﴿جاری ہے...﴾

Scanned by CamScanner

پورے دن یا پوری رات یا اسکی مقدار کے برابر ہو؛ کیونکہ عادۃً لوگ کپڑا کم از کم ایک دن کے لئے یا ایک رات کیلئے پہنتے ہیں، آدمی صبح کپڑے پہنتا ہے تو عام طور پر رات سے پہلے نہیں اتارتا، اسی طرح رات کو پہنتا ہے تو صبح سے پہلے نہیں اتارتا، دن اور رات کے لئے الگ الگ کپڑے رکھتا ہے، لیکن ایک دن میں عموماً ایک سے زیادہ کپڑے نہیں بدلتا، اس لئے لوگوں میں ایک دن سے کم کپڑے پہننے کو کپڑے کا اچھی طرح استعمال کرنا (ارتفاقِ کامل) نہیں سمجھا جاتا۔

لہذا اصول کا تقاضہ یہی ہے کہ پورے دن یا پوری رات سے کم مقدار کپڑے یا موزہ پہننے میں چونکہ جنایت کامل نہیں ہوتی، اس لئے اس پر دم لازم نہیں ہوگا، بلکہ صدقہ لازم ہوگا، اگرچہ پورے نسک (عمرہ یا حج) کی ادائیگی کے دوران پہنے رکھا ہو۔

اب اصل سوال کا جواب ملاحظہ فرمائیں:

مذکورہ بالا تمہید کی روشنی میں ذکر کردہ صورت میں مذکورہ شخص پر ہر مرتبہ موزے پہننے کے بدلے اصولاً تو صدقۂ فطر کے برابر صدقہ دینا واجب ہے،

لیکن ایک مکمل نسک کی ادائیگی یعنی عمرہ کے پورے وقت میں (اگرچہ ایک دن یا ایک رات سے کم ہے) پورا پاؤں چھپانے کی ممانعت کا ارتکاب لازم آیا ہے، اس لئے بعض فقہاء کرامؒ نے ایسی صورت میں دم واجب ہونے کی طرف رجحان ظاہر کیا ہے، اسلئے صورتِ مسئولہ میں پورے عمرہ کے دوران ہر مرتبہ موزے پہننے کے بدلے دم دے دینا مناسب ہے۔

﴿۳﴾۔۔۔ دونوں صورتوں کے حکم میں کچھ فرق ہے، بلا عذر یعنی بغیر مجبوری میں پہننے کی صورت میں عام اصول کی روشنی میں صدقۂ فطر کے برابر صدقہ دینا لازم ہے اور عذرِ شرعی کی وجہ سے مجبوری کی صورت میں درج ذیل دو جزاؤں میں سے کوئی ایک جزاء دی جاسکتی ہے (۱): صدقۂ فطر کے برابر صدقہ دینا (یعنی پونے دو کلو گندم یا اسکی قیمت دینا) (۲): یا ایک روزہ رکھنا۔

نیز عذر کی صورت میں پہننے سے گناہ بھی نہیں ہوگا۔

لما فی البحر الرائق شرح کنز الدقائق (۷/۳) ط دار الکتاب الإسلامی

أطلق في اللبس فشمل ما إذا أحدث اللبس بعد الإحرام أو أحرم، وهو لابس فدام على ذلك بخلاف انتفاعه بعد الإحرام بالطيب السابق عليه قبله للنص، ولولاه لأوجبنا فيه أيضا وشمل ما إذا كان ناسيا أو عامدا عالما أو جاهلا مختارا

﴿جاری ہے۔۔۔﴾

Scanned by CamScanner

أو مكرها فيجب الجزاء على النائم لو غطى إنسان رأسه؛ لأن الارتفاق حصل له، وعدم الاختيار أسقط الإثم عنه كالنائم المنقلب على شيء أتلفه.

حاشية ابن عابدين (رد المحتار) (٢/ ٥٥٨) ط ايچ ايم سعيد

(قوله إن شاء ذبح إلخ) هذا فيما يجب فيه الدم، أما ما يجب فيه الصدقة،إن شاء تصدق بما وجب عليه من نصف صاع أو أقل على مسكين أو صام يوما كما في اللباب.

﴿۴﴾۔۔۔ کوئی فرق نہیں، ہر ایک کا حکم ایک جیسا ہے۔

لما فی المناسک لملا علی القاری (۱۱۸) ط إدارة القرآن

(ولبس الخفين) إلا ان يجد نعلين فإنه يقطعهما اسفل من الكعبين (والجوربين) اى ولبسه سواء كانا منعلين (و كل ما يوارى الكعب الذى معقد شراک النعل) أى فى المفصل الذى فى وسط القدم لا الكعب المعتبر عند غسل الرجلين.....**واللہ تعالی أعلم**

عزیر طارق بلوانی غفرلہ ولوالدیہ

دار الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی

۱۸/ ربیع الاول/ ۱۴۳۸ھ

۱۸/ دسمبر/ ۲۰۱۶ء

الجواب صحیح

احمد محمود المشہور غفر اللہ

۱۹/ ۳/ ۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح

محمد یعقوب عفی عنہ

۱۹/ ۳/ ۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح

۱۹/ ۳/ ۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح

شاہ محمد تفضل عفی عنہ

۲۱/ ۳/ ۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح

عبد الرحمن نوزہ

۲۰/ ۳/ ۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح

عبد الحسیب

۲۰/ ۳/ ۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح

۲۱/ ۳/ ۱۴۳۸ھ

مفتی

مفتی

نائب مفتی

دار الافتاء

فتوی نمبر ۵۱۸۵۱

صورت ۳۸/ ۳/ ۲۲

۲۰۱۶/ ۱۲/ ۲۱

Scanned by CamScanner